فِدْیۂ نا رِ جَھَنَّم

ازافادات:۔حضرت مولانامفتی محمد شفیع صاحب نوراللہ مرقدہ

یعنی وہ اعمال جن کے متعلق روایات حدیث یا مشائخ سلف کے تجربہ سے ثابت ہے کہ جو یہ عمل کرے یا جن کے لئے کیا جائے اس کے واسطے جہنم کی آگ سے فدیہ ہو جائیگا۔ان میں اکثر اعمال کے متعلق روایات حدیث بھی ذکر کی گئی ہیں مگر ان میں بعض قابل اعتبار ہیں اور بعض شدید الضعیف۔لیکن مشائخ ارباب کشف وولیت نے ان اعمال کونہایت مجرب بتایا اور اپنے دوستوں کو تاکید بھی فرمائی کہ اپنے اعزاء واقرباء کے لئے پڑھا کریں اور مصلحائے امت نے انکو اختیار کیا ہے۔اسلئے بحیثیت حدیث ہونے کے نہ سہی ان مشائخ کرام کا معمول ومجرب ہونے کی ان اعمال ووظائف کو غنیمت کبریٰ سمجھنا چاہئے ان کا بیان یہ ہے

اول:۔ کلمہ طیبہ(۷۰)ہزار مرتبہ پڑھنا،بہتر یہ ہے کہ ایک ہی وقت اور ایک ہی مجلس میں ہو اور مختلف ایام ومختلف مجالس میں پڑھ لینا بھی اس مقصد کیلئے کافی ہے۔اسکے ساتھ ہر(۱۰۰)سو مرتبہ کے بعد مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہ اور شروع میں اسکے ساتھ دو چار مرتبہ ﷺ بھی ملایا جائے۔یہ وظیفہ جو شخص پڑھے یا جس کے لئے پڑھوایا جائے انشاءاللہ تعالیٰ عذاب آخرت سے نجات پائے گا۔(شفاءالاقسام)

دوم:۔ سورہ اخلاص(۱۰۰۰)ایک ہزار مرتبہ پڑھنا اور ہر مرتبہ یا کم ازکم شروع میں اسکے ساتھ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھنا۔(شفاءالاقسام)

سوم:۔ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ (۱۰۰۰)ایک ہزار مرتبہ پڑھنا،اس کے لیے صبح کا وقت بہتر ہے. (شفاءالاقسام)

چہارم:۔ سُبْحٰنَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ (۴۰)چالیس مرتبہ پڑھنا۔(شفاءالاقسام)

پنجم:۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَصْبَحْتُ اُشْهِدُکَ وَ اُشْهِدُ حَمَلَةَ عَرْشِکَ وَمَلٰٓئِکَتِکَ وَ جَمِیْعِ خَلْقِکَ اِنَّکَ اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ وَحْدَکَ لَاشَرِیْکَ لَکَ وَاَنَّ مُحَمَّداً عَبْدُکَ وَرَسُوْلُکَ(اے اللہ میں نے صبح کی آپ کو گواہ بناتا ہوں اور آپکے عرش کو اٹھانے والوں کو اور آپ کے ملائکہ کو اور آپکی تمام مخلوق کو اس بات کا کہ آپ اللہ ہیں آپ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے مگر آپ تنہا ہیں آپ کا کوئی شریک نہیں ہے؛بے شک محمد ﷺ آپ کے بندے اور آپ کے رسول ہیں)۔اس دعاء کے فدیہ نار جہنم ہونے کے متعلق روایات حدیث پختہ ہیں ابوداؤد نے سند بعد کے ساتھ روایت کی ہے۔

ششم:۔ (۱۰۰۰)ایک ہزار مرتبہ آنحضرت ﷺ پر درود پڑھنا۔درود شریف کے الفاظ احادیث میں متعدد اور مختلف وارد ہوئے ہیں ان میں سے جسکو بھی اختیار کرے کافی ہے اور سب سے افضل وہ الفاظ درود ہیں جو نماز میں پڑھے جاتے ہیں۔

ہفتم:۔ صبح کی نماز کے بعد ایک ہزار مرتبہ اَلْحَمْدُ لِلّٰه پڑھنا۔

ہشتم:۔ (۱۶,۶۴۱)سولہ ہزار چھ سو اکتالیس مرتبہ یَا لَطِیْفُ پڑھنا یہ وظیفہ بھی فدیہ عذاب جہنم ہونے کے علاوہ اور بھی مقاصد دینی ودنیوی کے لئے مفید ومجرب ہے۔

شائع کنندہ: ناکارہ سید اظہر کریم خادم مجلس اشاعت الحق درگاہ بازار کٹک اڈیشا

For Live Bayan Hazrat Wala visit us www.ishaatulhaq.org&whatsapp+919439616323